112۔ انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..

اردو لازمی (معروضی) (گروپ دوسرا) (سیشن 2023-25 تا 2020-22) پرچہ (I) دستخط امیدوار..

وقت 20 منٹ SGD-2-24 PAPER CODE 2022 کل نمبر 20

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D اور C ، B ، A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

Q-1	QUESTIONS	(A)	(B)	(C)	(D)
1	انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی	بادشاہ ملے	غلام ہو	فیاض ملے	خضر ملے
2	سرسید کو ہمیشہ حد سے زیادہ لگاؤ رہا	اپنے کنبے سے	اپنی دولت سے	اپنے مال سے	اپنے ہم رتبہ لوگوں سے
3	عبدالرحمٰن الناصر فرماں روا تھا۔	مصر کا	اندلس کا	بغداد کا	ایران کا
4	مدت گزری جب حضرت قمر نے ________ بنوائی تھی	ایک اچکن	ایک پتلون	ایک عمارت	ایک ٹوپی
5	میزبان کے اخلاص و ایثار کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔	کرسیوں کی تعداد سے	ٹھنڈے مشروب سے	مرغیوں کی تعداد سے	چائے اور کافی سے
6	قافیہ، لفظ بنا ہے ________	قفا سے	اقواف سے	وقوف سے	وقفی سے
7	ردیف، کا لغوی معنی ہے۔	ہم آواز الفاظ	گھڑ سوار کے آگے بیٹھنے والا	گھڑ سوار کے پیچھے بیٹھنے والا	ہم وزن الفاظ
8	مطلع پایا جاتا ہے۔	غزل اور نظم میں	نظم اور قصیدہ میں	غزل اور قصیدہ میں	قصیدہ اور مرثیہ میں
9	شاعر کا قلمی نام کہلاتا ہے۔	عرفیت	تخلص	لقب	خطاب
10	جس غزل میں ردیف نہ ہو اسے کہتے ہیں	غیر منقوط غزل	غیر مردف غزل	غیر معروف غزل	آزاد غزل
11	ارکان تشبیہ کی تعداد ہے۔	تین	چار	پانچ	تعداد مقرر نہیں
12	وجہ جامع، رکن ہے۔	تلمیح کا	تشبیہ کا	استعارہ کا	مطلع کا
13	"پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو"۔ استعارہ ہے	پلکوں سے	گر نہ جائیں	موتی	سنبھال لو
14	"ابنِ مریم" ہے۔	استعارہ	تشبیہ	تلمیح	تخلص
15	"تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن اسدؔ"۔ تلمیح کی نشاندہی کیجیے۔	تیشہ	کوہکن	اسد	مر نہ سکا
16	کمرے میں میز ________	پڑا ہے	رکھا ہے	پڑے ہیں	پڑی ہے
17	اس لفظ ________ املاء درست ہے۔	کا	کی	کے	کیں
18	سڑک پر تارکول ________	ڈالی گئی	رکھی گئی	ڈالے گئے	ڈالا گیا
19	سرسید نے دلی ہمیشہ کے لیے چھوڑ ________	دیا	دیے	دی	دیں
20	اس نے مجھ پر کیچڑ ________	اچھالا	اچھالے	اچھالی	اچھالیں

ParhloPakistan.com

1124 انٹر پارٹ (I) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (گروپ دوسرا) (سیشن 2020-22 to 2023-25) پرچہ (I)

وقت: 2.40 گھنٹے کل نمبر 80

SGD-2-24

حصہ ---------------- اول

2۔(ا) درج ذیل اشعار کی تشریح نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔ 10

اشکوں سے ترے ، دین کی کھیتی ہوئی سیراب × فاقوں نے ترے ، دہر کو بخشا سروساماں ۔
انسان کو شائستہ و خوددار بنایا × تہذیب و تمدن ، ترے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو × وہی رہ گئی ، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے × چمن اُڑ گیا آندھیاں آتے آتے
نہیں کھیل اے داغؔ یاروں سے کہہ دو × کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے

حصہ ---------------- دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ 15

(ا) غرض تم جو کوئی بھی ہو اور کسی حال میں بھی ہو تمھاری زندگی کے لیے نمونہ، تمھاری سیرت کی درستی و اصلاح کے لیے سامان، تمھارے ظلمت خانہ کے لیے ہدایت کا چراغ اور رہ نمائی کا نور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیینؐ کی جامعیت کبریٰ کے خزانے میں ہر وقت اور ہمہ دم مل سکتا ہے۔ اس لیے طبقۂ انسانی کے ہر طالب علم اور نورِ ایمانی کے ہر متلاشی کے لیے صرف حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیینؐ کی سیرت، ہدایت کا نمونہ اور نجات کا ذریعہ ہے۔

(ب) میرٹھ سے آ کر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازے کا تھانے دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے جو باہر سے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے، اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں یا دو روپے جرمانہ لیا جاتا ہے۔ آٹھ دن قید رہتا ہے۔ اس سے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو، کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔ تھانوں میں نقشے مرتب ہونے لگے

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

(i) ادیب کی عزت (ii) دوستی کا پھل

5۔ میر انیس کی نظم ”میدانِ کربلا میں صبح کا منظر“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ دو افراد کے درمیان مسئلہ فلسطین کے موضوع پر ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں تحریر کیجیے ..... یا .... اِک نعتیہ مشاعرے کی رُوداد تحریر کیجیے 10

7۔ کمپیوٹر فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے۔ مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8=10

”خدمتِ خلق سے ہوس اور طبیعت کا بُخل کم ہوتا ہے۔ اخلاقی بیماریاں کم ہوتی ہیں۔ ایثار و قربانی سے ایسا ماحول پیدا ہوتا ہے۔ جس میں فرد، دوسرے کے لیے سوچتا ہے۔ ذاتی مفادات کی قربانی کی طرف انسانی فطرت آسانی سے مائل نہیں ہوتی۔ اس نیکی کا اثر دوسرے پر پڑتا ہے۔ اور یہ ایسی فصل ہے جس کا فوری ثمر مل جاتا ہے۔ نیز اس سے ایسا رُوحانی کیف بھی میسر آتا ہے جسے خریدا نہیں جاسکتا“

ParhloPakistan.com